© rasailojaraid.com



ریاست' ان کی ایک اہم تصنیف ہے کیا آپ نے کبھی اپنے خاص موضوع سے متعلق مولانا سے کچھ استفادہ یا کسی مسئلہ پر تبادلۂ خیال کیا تھا؟

ا۔ Anglo - Iranian Relations 1905-1919 پر اپنی پی. ایچ. ڈی. تھیسس کی تیاری کے دوران میں نے مولانا کو خط لکھا تھا کہ یہ بات معروف ہے کہ ۱۹۰۰ء میں مولانا فراہیؒ نے لارڈ کرزن کے ترجمان کی حیثیت سے سواحل عرب و خلیج فارس کا سفر کیا تھا۔ یہ واقعہ مولانا فراہی کے مزاج و افتاد طبع کے بالکل خلاف نظر آتا ہے۔ میں نے ان سے دریافت کیا تھا کہ کن عوامل کے تحت ان کے استاد اس سفر کے لئے راضی ہوئے۔ مجھے یاد آتا ہے کہ مولانا نے جواب میں یہ تحریر فرمایا تھا کہ علامہ شبلی اور علی گڑھ والوں کے اصرار پر وہ اس سفر کے لئے تیار ہوئے اور انھیں تاحیات اس کی شرمندگی رہی۔

ظ۔ اس سفر کے دوران لارڈ کرزن نے عرب شیوخ کے سامنے جو تقریر کی تھی اس کا متن آپ نے اپنی انگریزی کتاب Anglo - Iranian Relations (Asia Publishing House, New Delhi 1974) میں استعمال کیا ہے۔ یہ متن آپ کو کہاں سے دستیاب ہوا؟

ا۔ وائسرائے کی تقریر کا متن مجھے S.A. Ward and G.P. Gooch کی مرتبہ کتاب (The Cambridge History of British Foreign Policy) میں ملا تھا۔ میں نے اپنی مذکورہ بالا کتاب میں محض اس کی تلخیص پیش کی ہے۔

ظ۔ مولانا اصلاحی مسلمانوں کے تعلیمی مسائل میں کافی دلچسپی رکھتے تھے۔ سر سید تحریک یا مسلم یونیورسٹی کے بارے میں مولانا کا کوئی زبانی یا تحریری بیان یا تاثر کبھی آپ کی نظر سے گذرا؟

ا۔ "الاصلاح" کے بعض اداریوں میں سر سید کی تعلیمی خدمات اور مسلم یونیورسٹی کا ذکر ملتا ہے۔ ایک اداریہ (اپریل ۱۹۳۷ء) میں انھوں نے علی گڑھ میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس میں شرکت اور مسلم یونیورسٹی دیکھنے کا تذکرہ کیا ہے اور سرسید کی خدمات کو بھی سراہا ہے اور طلبہ کے حالات پر اطمینان ظاہر کیا ہے۔ اس کے علاوہ الجمعیۃ (دہلی) میں مولانا کا ایک انٹرویو نظر سے گذرا تھا، اس میں انھوں نے سرسید کی خدمات پر دادِ تحسین پیش کرتے ہوئے یہ تبصرہ بھی کیا تھا کہ سرسید تفسیر نہ لکھتے تو اچھا ہوتا۔

ظ۔ مولانا اصلاحی پر متعدد رسائل کے خصوصی نمبر شائع ہوئے ہیں۔ یہ آپ کی نظر سے بھی گذرے ہوں گے ان کے بارے میں آپ کے کیا تاثرات ہیں؟

ا۔ ان میں شائع شدہ مضامین و مقالات سے مولانا کی زندگی کے بہت سے پہلو اجاگر ہوتے ہیں۔ لیکن ان کی خانگی زندگی بالخصوص اس کا جو حصہ وطن میں گذرا اس کے بارے میں بہت مختصر حالات ملتے ہیں یا پھر بعض ایسے لوگوں نے اس پر روشنی ڈالی ہے جنھیں غالباً ان کے گھریلو حالات کا صحیح و تفصیلی علم نہیں تھا۔

ظ۔ مولانا کی کتابوں میں کون سی کتاب آپ کو سب سے زیادہ پسند ہے؟

ا۔ مولانا کی متعدد کتابوں کا میں نے مطالعہ کیا ہے ان میں "تزکیہ نفس" مجھے سب سے زیادہ پسند آئی۔

ظ۔ مولانا کی شخصیت کے کس پہلو نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا؟

ا۔ مجھے مولانا کی شخصیت کے اس پہلو نے سب سے زیادہ متاثر کیا کہ جماعت اسلامی سے وابستگی کے بعد انھوں نے اپنی انفرادیت کو جماعت میں ضم کر دیا اور اپنی شخصیت کے بجائے جماعت کو زیادہ اہمیت دی جب تک جماعت سے منسلک رہے اس کے نظم و ضبط کا پوری طرح خیال رکھا اور اس کے اصول و ضوابط کی خلاف ورزی کسی طرح گوارا نہ کی۔ زندگی کے دوسرے شعبوں میں بھی نظم و ضبط کی پابندی مولانا کی امتیازی خصوصیت رہی ہے۔

ظ۔ مولانا کی زندگی کا کوئی سبق آموز واقعہ یاد ہو تو ہمیں سنائیں

ا۔ اس وقت مجھے مولانا کے باغ سے متعلق ایک واقعہ یاد آرہا ہے۔ یہ باغ جیسا کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پہلے ذکر کر چکا ہوں بہت ہرا بھرا تھا اور خوب پھل بھی دیتا تھا۔ اسی سے ملا ہوا ایک یادو کا کھیت تھا وہ مولانا کے ہرے بھرے باغ کو دیکھ کر ان سے بار بار اصرار کرتا کہ وہ اپنا پیر اس کے کھیت میں رکھ دیں تاکہ اس کی پیداوار بڑھ جائے۔ مولانا اسے جواب دیتے کہ باغ یا کھیت کی ہریالی و پیداوار میں اضافہ کسان کی اپنی محنت اور اللہ تعالیٰ کی رحمت پر منحصر ہوتا ہے۔ میرے یا کسی کے پیر ڈالنے سے کچھ نہ ہوگا۔ جب وہ کسان بہت مصر ہوا تو مولانا نے اس کے کھیت میں اپنا قدم رکھ دیا اور کچھ ایسا اتفاق ہوا کہ اس سال اس کھیت میں کچھ نہ پیدا ہوا۔ یہ واقعہ معمولی ہے لیکن اس میں بہت بڑا سبق پوشیدہ ہے گویا مولانا اپنے باغ کے غیر مسلم پڑوسی کے ذہن میں جو بات بٹھانا چاہتے تھے وہ صحیح ثابت ہوئی۔

ظ۔ ہم فارغین "اصلاح" مولانا اصلاحی سے تعلق کا حق کس طور پر ادا کر سکتے ہیں۔ اس باب میں آپ ہمیں کیا پیغام دے رہے ہیں

ا۔ قرآن کریم مولانا اصلاحی کا اوڑھنا بچھونا رہا ہے۔ اس کتاب عظیم کی خدمت کے لئے انھوں نے اپنی پوری زندگی وقف کر دی اسی طرح حدیث سے بھی مولانا کو خاص شغف رہا ہے۔ درس قرآن کے ساتھ ان کے درس حدیث کا سلسلہ بھی بہت مقبول و مفید ثابت ہوا۔ اس لئے مولانا سے تعلق اور ان کے فکری حلقہ سے وابستگی کا حق اسی صورت میں ادا کیا جا سکتا ہے کہ مدرسۃ الاصلاح کے فارغین قرآن و سنت سے اپنا تعلق مضبوط کریں۔ قرآنی فکر کو دل و دماغ میں پیوست کر لیں اور زندگی کے ہر شعبہ میں قرآن و سنت سے رہنمائی حاصل کریں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# کتابیات اصلاحی :

## (۱) مولانا امین احسن اصلاحی کی مطبوعہ کتب کا اشاریہ

ظفر الاسلام اصلاحی

[مولانا امین احسن اصلاحی ایک نامور عالم، معلم وخطیب کے علاوہ ممتاز مصنف، مولف ومترجم کی حیثیت سے بھی کافی مشہور ہیں۔ ان کی تصنیفی خدمات میں "تدبر قرآن" کو بلاشبہ شاہکار کی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے علاوہ ان کی تصانیف وتالیفات کی فہرست کافی طویل ہے اور اہم بات یہ ہے کہ ان کی تصنیفی سرگرمیاں کسی خاص دائرہ میں محدود نہیں ہیں بلکہ عقائد وعبادات، علم قرآن، حدیث وفقہ، علم کلام، وفلسفہ، معاشرت، سیاست و حکومت، تحریک اسلامی ودعوت دین جیسے مختلف اہم موضوعات پر انھوں نے علمی یادگاریں چھوڑی ہیں۔ پیش نظر شمارہ میں ان کی تصنیفی کارناموں پر بعض اہم مضامین شامل ہیں جن کے مطالعہ سے ان کی نوعیت اور قدر وقیمت کا بخوبی اندازہ ہوگا۔ ذیل میں مولانا کی مطبوعہ کتب کا اشاریہ پیش کیا جارہا ہے جو حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے انکی بہت سی کتابوں کے متعدد ایڈیشن نکلے ہیں۔ ایسی کتابوں سے متعلق یہ کوشش کی گئی ہے کہ جدید یا جدید ترین ایڈیشن کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں۔ البتہ جن کتابوں کے صرف قدیم ایڈیشن ہی دستیاب ہوسکے وہاں انہی پر اکتفا کیا گیا ہے۔ البتہ جن کتابوں کے اولین یا قدیم ایڈیشن کے ساتھ بعد کے ایڈیشن کے بارے میں تفصیلات ملی ہیں تو اس اشاریہ میں ان سب کی تفصیلاتِ اشاعت درج کی گئی ہیں۔ یہ اشاریہ دار المعلومات، مدرسۃ الاصلاح (سرائے میر اعظم گڑھ) لائبریری ادارہ علوم اسلامیہ (مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لائبریری ادارہ علوم القرآن (سر سید نگر، علی گڑھ) مکتبہ تحقیق و تصنیف اسلامی، (علی گڑھ) اور ذاتی لائبریری جناب سجاد الٰہی صاحب (لاہور) میں دستیاب تصانیف و تالیفاتِ اصلاحی کے دستیاب نسخوں پر مبنی ہے۔ اس اشاریہ کی تیاری میں تعاون کے لئے ہم برادر عزیز جناب عتیق الرحمٰن اصلاحی صاحب اور برادر مکرم جناب سجاد الٰہی صاحب کے بے حد ممنون ہیں۔]

| کتاب کا نام | ناشر | سنہ اشاعت | ایڈیشن | صفحات |
|---|---|---|---|---|
| آزادی کے اسلامی تقاضے | مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ، لاہور | بدون تاریخ | اول | ۳۲ |
| اسلامی ریاست | انجمن خدام القرآن، لاہور | ۱۹۷۷ | ـ | ۳۷۴ |
| اسلامی ریاست میں فقہی اختلافات کا حل | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۸ | سوم | ۱۳۰ |
| اسلامی قانون کی تدوین | مکتبہ المنبر، لائل پور | ۱۹۶۳ | اول | ۱۵۹ |
| اسلامی قانون کی تدوین | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۸ | دوم | ۱۱۴ |
| اسلامی معاشرہ میں عورت کا مقام | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۸ | پنجم | ۲۲۸ |
| اصول فہم قرآن [1] | ادارہ تدبر قرآن وحدیث، لاہور | ۱۹۹۹ | اول | ۵۸ |
| اطاعت کے شرائط و حدود [2] | مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ لاہور | ۱۹۵۰ | اول | ۴۷ |
| اقسام القرآن [3] | مکتبہ چراغ راہ، کراچی | ۱۹۴۱ | اول | ۱۲۸ |
| اقسام القرآن | دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح سرائے میر، اعظم گڑھ | بدون تاریخ | دوم | ۱۴۲ |
| پاکستانی عورت دوراہے پر | مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ، لاہور | ـ | اول | ۲۶۲ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پردہ اور قرآن مجید ۴ | مکتبہ اسلامی لہریا سرائے، دربھنگہ | ۱۹۴۸ | ـ | ۲۸ |
| تدبر قرآن (جلد اول) | ورلڈ اسلامک پبلیکیشنز، لاہور | ۱۹۷۹ | ـ | ـ |
| تدبر قرآن (نو جلدیں) | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۸۶-۱۹۸۵ | دوم | ـ |
| تدبر قرآن (نو جلدیں) | تاج کمپنی، ترکمان گیٹ، دہلی | ۱۹۸۹ | اول | ـ |
| تدبر قرآن (نو جلدی) | تاج کمپنی، ترکمان گیٹ، دہلی | ۱۹۹۹ | ـ | ـ |
| تزکیہ نفس ۵ | مرکزی مکتبہ اسلامی، لاہور | ۱۹۵۷ | اول | ۳۱۲ |
| تزکیہ نفس (دو جلدیں) | اسلامک بک فاؤنڈیشن، نئی دہلی | ۱۹۹۱-۱۹۹۰ | اول | ۳۰۸+ض ۲۱۷ |
| تزکیہ نفس | مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، نئی دہلی | ۱۹۹۹ | اول | ۴۷۰ |
| تفسیر آیت بسم اللہ و سورہ فاتحہ | مکتبہ میثاق، رحمٰن پورہ، لاہور | ۱۹۶۰ | اول | ۳۶ |
| تفسیر نظام القرآن ۶ | دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر اعظم گڑھ | ۱۹۹۰ | اول | ۵۳۶ |
| تفسیر نظام القرآن | دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر اعظم گڑھ | ۱۹۹۶ | دوم | ۵۳۶ |
| تفہیم دین | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۲ | اول | ۱۸۱ |
| تنقیدات | مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی لاہور | ۱۹۵۵ | اول | ۳۲۸ |
| توضیحات | مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی لاہور | ۱۹۵۶ | اول | ۲۲۸ |
| جماعت اسلامی کے خلاف قرارداد جرم | مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی | ۱۹۸۱ | دوم | ۵۶ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جماعت اسلامی پر الزامات اوران کا جواب | مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی | ۱۹۸۱ | اول | ۴۴ |
| جماعت اسلامی پر الزامات اوران کا جواب | مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی | ۱۹۹۶ | سوم | ۴۴ |
| حقیقت تقویٰ | مکتبہ جماعت اسلامی حیدر آباد دکن | ۱۹۴۸ | دوم | ۵۶ |
| حقیقت تقویٰ | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۷ | چہارم | ۷۶ |
| حقیقت تقویٰ | مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی | ۱۹۹۹ | اول | ۸۰ |
| حقیقت توحید | مکتبہ جماعت اسلامی دارالاسلام پٹھان کوٹ | ـ | دوم | ۸۸ |
| حقیقت توحید | مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی | ۱۹۹۴ | نہم | ۱۱۵ |
| حقیقت شرک | دائرہ حمیدیہ فرول باغ، دہلی | ۱۹۴۶ | دوم | ۳۱۲ |
| حقیقت شرک | مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی | ۱۹۹۶ | ـ | ۲۰۴ |
| حقیقت شرک و توحید | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۱ | ـ | ۳۱۲ |
| حقیقت شرک و توحید | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۸ | چہارم | ۳۱۲ |
| حقیقت نماز | مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی لاہور | بدون تاریخ | اول | ۵۶ |
| حقیقت نماز ؎ | ادارہ علوم القرآن، سرسید نگر علی گڑھ | ۱۹۸۵ | اول | ۶۰ |
| حقیقت نماز | قرآن وسنت اکیڈمی، ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی | ۲۰۰۰ | اول | ۶۰ |
| دروس التاریخ حصہ دوم (خلافت راشدہ)؎ | مدینہ بک ایجنسی، بجنور | ـ | ـ | ۶۸ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دروس التاریخ، حصہ سوم (خلافت بنی امیہ) | مدینہ بک ایجنسی، بجنور | ۔ | ۔ | ۷۶ |
| دعوت اسلامی، اسکے اصول، طریق کار اور مقتضیات ؒ | مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی | ۱۹۸۹ | اول | ۸۸ |
| دعوت دین اسکی اہمیت اور اس کے اصول و مراحل | مکتبہ جماعت اسلامی ہند، رامپور | بدون تاریخ | اول | ۳۳۲ |
| دعوت دین اور اس کا طریق کار | مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی، لاہور | ۱۹۵۱ | اول | ۱۸۴ |
| دعوت دین اور اس کا طریق کار | مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی | ۱۹۹۵ | سوم | ۲۳۲ |
| دعوت دین اور اس کا طریق کار | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۹ | ہفتم | ۲۴۴ |
| ذبیح کون ہے ؒ | دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر اعظم گڑھ | بدون تاریخ | اول | ۱۸۸ |
| ذبیح کون ہے | مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور | ۱۹۷۵ | ۔ | ۸۶ |
| ذبیح کون ہے | دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر اعظم گڑھ | ۱۹۹۹ | ۔ | ۱۸۳ |
| شہریت کے حقوق و فرائض ؒ | مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ، لاہور | ۱۹۵۰ | اول | ۴۷ |
| عائلی کمیشن کی رپورٹ پر تبصرہ | مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ، لاہور | ۱۹۵۸ | اول | ۲۲۳ |
| غیر مسلموں کے حقوق | مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ، لاہور | ۱۹۵۰ | اول | ۸۸ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غیر مسلموں کے حقوق | مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ، لاہور | ۱۹۵۳ | دوم | ۸۸ |
| فلسفے کے بنیادی مسائل قرآن حکیم کی روشنی میں [۲] | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۱ | اول | ۲۴۶ |
| قرآن میں پردے کے احکام | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۸۲ | ـ | ۲۴ |
| قرآن میں پردے کے احکام | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۷ | پنجم | ۲۴ |
| کارکنوں کی ذمہ داریاں اور ان کے اوصاف [۳] | مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ لاہور | ۱۹۵۰ | اول | ۶۴ |
| مبادی تدبر حدیث [۴] | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۱ | اول | ۱۵۷ |
| مبادی تدبر حدیث | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۴ | دوم | ۱۵۷ |
| مبادی تدبر قرآن [۵] | مرکزی انجمن خدام القرآن، لاہور | ۱۹۵۱ | اول | ۱۹۹ |
| مجموعہ تفاسیر فراہی [۶] | مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی، لاہور | بدون تاریخ | اول | ۷۵۲ |
| مبادی تدبر قرآن | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۶ | سوم | ۲۲۴ |
| مجموعہ تفاسیر فراہی | انجمن خدام القرآن، لاہور | ۱۹۷۳ | دوم | ۵۳۶ |
| مجموعہ تفاسیر فراہی (جدید ایڈیشن) | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۱ | اول | ۵۴۲ |
| مشاہدات حرم | دار التذکیر، لاہور | ۲۰۰۰ | اول | ـ |
| مقالات اصلاحی حصہ اول [۷] | فاران فاؤنڈیشن، لاہور | ۱۹۹۱ | اول | ۳۸۰ |
| مقدمہ تفسیر نظام القرآن [۸] | دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڑھ | بدون تاریخ | اول | ۹۰ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


# حواشی

(۱) "اصول فہم قرآن" کو جناب عبداللہ غلام احمد صاحب نے ترتیب دیا ہے۔

(۲) یہ کتاب مولانا اصلاحی کی مذکورہ بالا کتاب "اسلامی ریاست" کا ایک حصہ ہے اس کے مختلف حصے پہلے علیحدہ علیحدہ شائع ہوئے تھے۔ "اطاعت کے حدود و شرائط" اس کا دسواں حصہ ہے۔

(۳) یہ کتاب مولانا حمید الدین فراہی (۱۸۶۳-۱۹۳۰) کی ایک معروف عربی تصنیف "امعان فی اقسام القرآن" کا اردو ترجمہ ہے۔ اصل عربی کتاب کا نیا ایڈیشن، دار القلم، دمشق سے ۱۹۹۴ء میں شائع ہوا ہے۔

(۴) یہی کتاب نظر ثانی کے بعد پاکستان سے "قرآن میں پردے کے احکام" کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

(۵) اس کتاب کا انگریزی ترجمہ Self-Purification and Development کے نام سے آدم پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرس، دہلی سے ۲۰۰۰ء میں شائع ہوا ہے، مترجم جناب شریف احمد خاں صاحب ہیں یہ ترجمہ ۳۱۵ صفحات پر مشتمل ہے۔

(۶) "تفسیر نظام القرآن" مولانا فراہی کے عربی تفسیری اجزاء، (۱۳ سورتوں کی تفسیر الگ الگ رسالہ کی صورت میں) کا اردو ترجمہ ہے ان کے علاوہ اس کتاب میں تفسیر سورہ اخلاص بھی شامل ہے جسے خود مولانا فراہی نے اردو میں لکھا تھا۔ تراجم کا یہ مجموعہ پہلے پاکستان سے "مجموعہ تفاسیر فراہی" (جس کا ذکر بعد میں آرہا ہے) کے نام سے شائع ہوا تھا۔ "تفسیر نظام القرآن" اس کا نظر ثانی شدہ ایڈیشن ہے۔

(۷) "حقیقت نماز" ادارہ علوم القرآن سے مولانا سلطان احمد اصلاحی صاحب کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تحقیق و تخریج کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔

(۸) "دروس التاریخ" محی الدین الخیاط کی عربی تالیف "دروس التاریخ الاسلامی" کا اردو ترجمہ ہے۔

(۹) یہ کتاب مولانا مودودیؒ و مولانا اصلاحیؒ کے مضامین پر مشتمل ہے۔

(۱۰) یہ مولانا فراہی کی مشہور عربی کتاب "الرای الصحیح فی من ھو الذبیح" کا اردو ترجمہ ہے۔ اصل کتاب کا جدید ترین ایڈیشن دار القلم، دمشق سے ۱۹۹۹ء میں شائع ہوا ہے۔

(۱۱) یہ "اسلامی ریاست" کا چوتھا حصہ ہے جو پہلے علیحدہ شائع ہوا تھا۔

(۱۲) اس کتاب کو جناب محبوب سبحانی صاحب اور جناب خالد مسعود صاحب نے ترتیب دیا ہے۔

(۱۳) یہ کتاب "اسلامی ریاست" کا پہلا حصہ ہے۔

(۱۴) "مبادی تدبر حدیث" کو جناب ماجد خاور صاحب نے مرتب کیا ہے۔

(۱۵) یہ اصول تفسیر سے متعلق مولانا اصلاحی کے مضامین کا مجموعہ ہے جو پہلے ماہنامہ "الاصلاح" میں "تدبر قرآن" کے عنوان سے قسط وار شائع ہوئے تھے۔ بعد میں یہ مجموعہ اسی نام سے کتابی صورت میں سب سے پہلے مکتبہ یثرب، لاہور، سے مولانا ابو صالح اصلاحیؒ کے زیر اہتمام ۱۹۵۱ء میں طبع ہوا۔ اس کے بعد کے ایڈیشن نظر ثانی و اضافہ کے ساتھ "مبادیٔ تدبر قرآن" کے نام سے شائع ہوئے ہیں۔

(۱۶) ملاحظہ فرمائیں حاشیہ۔ ٦

(۱۷) "مقالات اصلاحی" کے مرتب جناب خالد مسعود صاحب ہیں۔

(۱۸) یہ "تفسیر نظام القرآن" کا حصہ ہے جو علیحدہ کتابی صورت میں بھی شائع ہوا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۲)

# مولانا اصلاحی پر شائع ہونے والی تحریروں کا اشاریہ

ظفر الاسلام اصلاحی

ایک عالم، مفسر و مصنف کی حیثیت سے مولانا امین احسن اصلاحی کی عظمت و مقبولیت کا ایک واضح ثبوت اس سے ملتا ہے کہ ان کی وفات کے بعد ان سے متعلق مضامین و مقالات اور دوسری قسم کی تحریروں کی اشاعت کا سلسلہ شروع ہوا تو اب تک جاری ہے اور امید کہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ اس عرصہ میں ہندوپاک کے رسائل و جرائد میں مولانا مرحوم کے بارے میں شائع شدہ جو تحریریں راقم کی نظر سے گذریں یا علم میں آئیں ان کا اشاریہ مع ضروری تفصیلات ذیل میں پیش کیا جارہا ہے۔ اس اشاریہ میں وفیات، اداریوں و رپورٹوں کے علاوہ بہت سے مفصل مضامین و تحقیقی مقالات بھی شامل ہیں۔ جو مولانا کی حیات و خدمات پر مطالعہ کے لئے بہت مفید ثابت ہوں گے۔ پیش نظر اشاریہ میں مندرجہ تحریروں کی اشاعتی ترتیب ملحوظ رکھی گئی ہے اور اس میں بین القوسین (  ) وضاحتیں خود مرتب کی جانب سے ہیں۔ [ظ۔ ا]

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کا انتقال (خبر وفات مع مختصر بیان حیات و خدمات)، قومی آواز، (لکھنو)، ۱۸ر دسمبر ۱۹۹۷ء

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کے انتقال پر دنیا بھر کے دینی حلقوں میں غم کے لہر (خبر سانحہ ارتحال مع احوال و کوائف)، سہ روزہ دعوت (نئی دہلی) ۲۲ر دسمبر ۱۹۹۷ء

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کے انتقال پر تعزیتی جلسہ (انجمن طلبہ قدیم مدرسۃ الاصلاح، دہلی یونٹ) قومی آواز (نئی دہلی)، ۲۴ر دسمبر ۱۹۹۷ء

☆ صاحب تدبر قرآن امین احسن اصلاحی رخصت ہوئے، نصر اللہ غلزئی، ہفت روزہ تکبیر (کراچی)، ۱۹ر ۵۲، ۲۵ر دسمبر ۱۹۹۷ء، ص ۴۷، ۴۹

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ مولانا امین احسن کی وفات پر ادارہ علوم القرآن (علی گڑھ) میں تعزیتی نشست، (رپورٹ مرتبہ: اشھد رفیق ندوی و سکندر علی اصلاحی) روزنامہ آواز ملک (وارانسی)، ۲۹ر دسمبر ۱۹۹۷ء، ص ۳

☆ مولانا امین احسن اصلاحی، آپ نے زندگی بھر قرآن و تحریک اسلامی کی خدمت کی (رپورٹ تعزیتی نشست ادارہ علوم القرآن محولہ بالا) دعوت، یکم جنوری ۱۹۹۸ء، ص ۵.

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کے انتقال پر مدرسۃ الاصلاح میں تعزیتی قرارداد، قومی آواز، ۲ر جنوری ۱۹۹۸ء

☆ مولانا امین احسن اصلاحی جوار رحمت میں (خبر سانحہ ارتحال مرسلہ محمد عمر اسلم اصلاحی) روزنامہ ہندوستان (ممبئی)، ۳ر جنوری ۱۹۹۸ء

☆ کعبہ میں آرہا تو......امین احسن اصلاحی، شعیب اعظمی، قومی آواز، (ہفتہ وار ضمیمہ)، ۴ر جنوری ۱۹۹۸ء

☆ ایک شمع رہ گئی تھی سو وہ بھی خموش ہے (مولانا امین احسن اصلاحی)، ذاکر الاعظمی، دعوت، ۱۶ر جنوری ۱۹۹۸ء

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کی رحلت (اداریہ) قاری محمد طاہر، التجوید، (فیصل آباد، پاکستان) دسمبر ۱۹۹۷ء۔ جنوری ۱۹۹۸ء، ص ۴-۶

☆ مولانا امین احسن اصلاحی (وفیات) ضیاء الدین اصلاحی، معارف، ۱۶۱ر ۱، جنوری ۱۹۹۸ء، ص ۵۵۔۶۹

☆ علم و عرفان کے ماہ کامل کا غروب (تذکرہ و تبصرہ) خالد مسعود، تدبر شمارہ ۵۹ء جنوری ۱۹۹۸ء، ص ۳۔۲۵

☆ عرض احوال (اداریہ بر مولانا امین احسن اصلاحی) عاکف سعید، میثاق (لاہور) ۴۷/۱ جنوری ۱۹۹۸ء

☆ آہ مولانا امین احسن اصلاحی، نظام الدین اصلاحی، حیات نو، (بلریا گنج،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اعظم گڑھ) ۱۴؍ ۱، جنوری ۱۹۹۸ء، ص ۳۸-۳۹

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کا انتقال پر ملال، ابو سفیان اصلاحی، حیات نو، ۱۴؍ ۱، جنوری ۱۹۹۸ء، ص ۳۴۔ ۳۷

☆ مولانا امین احسن اصلاحی، اسعد الاعظمی، ترجمان دار العلوم (نئی دہلی) ۵؍ ۸، جنوری ۱۹۹۸ء، ص ۵۱۔ ۵۴

☆ مولانا امین احسن اصلاحی مرحوم، (وفیات) مجیب اللہ ندوی، الرشاد (اعظم گڑھ)، ۳۵، ۲۰۲، ۲۰۳، جنوری، فروری، ۱۹۹۸ء ص ۶۸۔ ۷۰

☆ مولانا امین احسن اصلاحی حامد ریاض ڈوگرہ اردو بک ریویو، (نئی دہلی)، شمارہ ۲۷۔ ۲۸ جنوری۔ فروری ۱۹۹۸ء ص ۵۹۔ ۶۰

☆ تدبر قرآن کا کہنہ سال مدبر رخصت ہوا، ضرغام الطاف، سہ ماہی المیزان، (اسلام آباد)، شمارہ ۲، جنوری۔ مارچ (۱۹۹۸ء، ص ۱۱۵تا۱۱۹

☆ Maulana Amin Ahsan Islahi, Khursheed Ahmad Nadeem, Islamic Studies (Islamabad), 37/1, Spring 1998, pp 144-146

☆ مولانا امین احسن اصلاحی مرحوم، ظفر الاسلام اصلاحی، سہ ماہی فکر و نظر، (علی گڑھ) ۳۵؍ ۱، ۱۹۹۸ء، ص ۲۱۔ ۲۸

☆ مولانا امین احسن اصلاحی رحمہ اللہ (نگاہ اولین۔ اداریہ) عتیق الرحمٰن سنبھلی، الفرقان، ۶۶؍ ۲، فروری ۱۹۹۸ء ص ۷۔ ۱۲

☆ آہ! امین احسن اصلاحی۔ عالم بے بدل و درویش بے ریا، عطاء الرحمٰن، قومی ڈائجسٹ، (لاہور) فروری ۱۹۹۸ء، ص ۹۔ ۱۶

☆ فکر فراہی کا امین۔ امین احسن اصلاحی، فیاض حمید، حیات نو، ۱۴؍ ۲ فروری ۱۹۹۸ء، ص ۳۰۔ ۴۷

☆ الامام الجلیل فضیلۃ الشیخ امین احسن اصلاحی فی ذمۃ اللہ، سعید الاعظمی، البعث الاسلامی، ۴۳؍ ۲۔ ۳ شوال وذوالقعدۃ ۱۴۱۸ھ فروری ومارچ، ۱۹۹۸ء۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ص ۱۹۸۔۱۹۹

☆ الشیخ امین احسن اصلاحی فی ذمۃ اللہ، عبدالحق فلاحی، الدعوۃ (نئی دہلی)، شمارہ ۱۷۔۱۸ شوال وذوالقعدۃ ۱۴۱۸ھ فروری، مارچ ۱۹۹۸ء

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کی یاد میں، خورشید احمد، ترجمان القرآن، ۱۲۵/ ۳، مارچ ۱۹۹۸ء ص ۴۹۔۵۹ (قسط اول)، ۱۲۵/ ۴، اپریل ۱۹۹۸ء، ص ۴۷۔۵۶ (قسط دوم)

☆ مولانا امین احسن اصلاحی، رحمتہ اللہ علیہ (اداریہ) ظفر الاسلام اصلاحی، ششماہی علوم القرآن (علی گڑھ)، ۱۱/ ۲، جنوری، دسمبر ۱۹۹۶ء ص ۵-۱۴، (شائع شدہ مارچ ۱۹۹۸ء)

☆ ڈاکٹر اسرار احمد بنام مولانا امین احسن اصلاحی، عاکف سعید میثاق، ۴۷/ ۳، مارچ ۱۹۹۸ء، ص ۳۔۸

☆ مراسلہ نظام الدین اصلاحی، (استدراک برمضمون فیاض حمید)، حیات نو، ۱۴، ۳/ مارچ ۱۹۹۸ء ص ۱۶

☆ مراسلہ عبدالرحمٰن اصلاحی (استدراک برمضمون فیاض حمید) حیات نو، ۱۴، ۴/ اپریل ۱۹۹۸ء، ص ۴۷۔۴۸

☆ صاحب تدبر قرآن کی یاد میں، گل رحیم چودھری، حیات نو، ۱۴، ۴/ اپریل ۱۹۹۸ء، ص ۳۷۔۴۱

☆ صاحب تدبر قرآن مولانا امین احسن اصلاحی کی یاد میں (مدیر "انصاف" برما) بساط ذکر و فکر (آر مور، نظام آباد)، ۱۱/ ۶، اپریل ۱۹۹۸ء، ص ۱۲۔۱۳

☆ مولانا امین احسن اصلاحی، نازش احتشام اصلاحی، زندگی نو، ۲۴/ ۴، اپریل ۱۹۹۸ء ص ۵۵۔۶۰

☆ میلا طفیل محمد کا ایک خط (استدراک پر مضمون خالد مسعود شائع شدہ 'تدبر' جنوری (۔ ۱۹۹۸ء، زندگی نو، ۲۴/ ۵، مئی ۱۹۹۸ء ص ۶۷۔۷۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ مراسلہ ضیاء الدین اصلاحی (استدراک بر مضمون فیاض حمید و مراسلہ مولانا نظام الدین اصلاحی)، حیات نو، ۱۴/ ۵، مئی ۱۹۹۸ء، ص ۳۴-۳۶

☆ مراسلہ فیاض حمید (جواب استدراک مولانا نظام الدین اصلاحی)، حیات نو، ۱۴/ ۵، مئی ۱۹۹۸ء، ص ۳۶-۴۲

☆ مراسلہ فضل الرحمٰن اعظمی (استدراک بر مضمون فیاض حمید)، حیات نو، ۱۴/ ۵، مئی ۱۹۹۸ء، ص ۴۳-۴۴

☆ مراسلات شاہ محی الدین فاروقی و عبدالعظیم اصلاحی، (وضاحت بابت بانی مدرسۃ الاصلاح و مولانا شبلی نعمانی و مولانا شبلی متکلم، بحوالہ مضمون پروفیسر خورشید احمد شائع شدہ ترجمان القرآن، مارچ ۱۹۹۸ء) ترجمان القرآن ۱۲۵/ ۶ جون ۱۹۹۸ء، ص ۸۳

☆ مراسلات ضیاء الدین اصلاحی و صفدر سلطان اصلاحی (استدراک بر مختلف مضامین و مراسلات شائع شدہ حیات نو بالخصوص مضمون فیاض حمید و مراسلہ مولانا نظام الدین اصلاحی) حیات نو، ۱۴/ ۶-۷، جون-جولائی ۱۹۹۸ء، ص ۵۲-۶۰

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کا عظیم کارنامہ، تدبر قرآن، رفیق احمد، معارف ۱۶۲/ ۱، جولائی ۱۹۹۸ء ص ۴۹-۵۷

☆ مولانا امین احسن اصلاحی-ایسی چنگاری بھی یارب اپنے خاکستر میں تھی، ظفر الاسلام اصلاحی، ستون (نئی دہلی) ۱۱/ ۷، جولائی ۱۹۹۸ء، ص ۳۳-۳۷

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کی زندگی کے بعض اہم گوشے۔ "خطوط مودودی" کے حوالہ سے ظفر الاسلام اصلاحی، دعوت، ۲۸، جولائی ۱۹۹۸ء، ص ۲-۵

☆ مولانا امین احسن اصلاحی، ابو البیان حماد، زندگی نو، ۲۴/ ۸، اگست ۱۹۹۸ء، ص ۵۳-۶۴

☆ مراسلہ نظام الدین اصلاحی (استدراک بر مکتوب مولانا ضیاء الدین اصلاحی،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مطبوعہ حیات نو، اپریل ۱۹۹۸ء) حیات نو، ۱۴/ ۸، اگست ۱۹۹۸ء، ص ۴۳۔۴۵

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کی رحلت، محمد اسعد قاسمی، فکر اسلامی، (بستی)، ۳/ ۱۳، اکتوبر۔دسمبر ۱۹۹۸ء، ص ۷۷۔۷۹

☆ مولانا امین احسن اصلاحی سے انٹرویو (موجودہ دور میں نفاذ اسلام اور دوسرے اہم مسائل سے متعلق)، نعیم احمد، انقلاب (ممبئی) ۱۱/ دسمبر ۱۹۹۸ء، ص ۴

☆ تفسیر تدبر قرآن کی امتیازی خصوصیات، خلیل الرحمٰن چشتی، تدبر شمارہ ۶۲، دسمبر ۱۹۹۸ء، ص ۴۰۔۴۴

☆ مکاتیب اصلاحی، امین احسن اصلاحی، تدبر شمارہ ۲، دسمبر ۱۹۹۸ء، ص ۵۲۔۵۴

☆ سخنہائے گفتنی (اداریہ بر مولانا امین احسن اصلاحی)، محمد ایوب اصلاحی، سالانہ مجلّہ انجمن طلبہ مدرسۃ الاصلاح، شمارہ ۱۱، ۱۹۹۸ء، ص ۵۔۹

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کا عظیم کارنامہ، تدبر قرآن، رفیق احمد، سالانہ مجلّہ انجمن طلبہ مدرسۃ الاصلاح، شمارہ ۱۱، ۱۹۹۸ء ص ۸۷۔۹۴

☆ ثانی اثنین فراہی امین احسن اصلاحی، افروز عالم، سالانہ مجلّہ انجمن طلبہ مدرسۃ الاصلاح، شمارہ ۱۱، ۱۹۹۸ء، ص ۱۵۱-۱۷۱

☆ بیاد مفسر قرآن مولانا امین احسن اصلاحی (منظوم خراج عقیدت)، مجاہد اعظمی، سالانہ مجلّہ طلبہ مدرسۃ الاصلاح، شمارہ ۱۱، ۱۹۹۸ء ص ۲۰۲۔۲۰۴

☆ رپورٹ مولانا امین احسن اصلاحی سمینار (منعقدہ ۲۴۔۲۶ فروری ۱۹۹۹ء) از نامہ نگار، آواز ملک، ۲۹/ فروری ۱۹۹۹ء

☆ رپورٹ مولانا امین احسن اصلاحی سیمینار (مرتبہ ظفر الاسلام اصلاحی)، آواز ملک، ۱۰/ مارچ ۱۹۹۹ء

☆ مولانا امین احسن اصلاحی سمینار (رپورٹ نامہ نگار)، دعوت، ۱۳/ مارچ ۱۹۹۹ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ مولانا مرحوم کی زندگی قرآن وحدیث کی تعلیمات میں رچی بسی ہوئی تھی۔ مولانا امین احسن اصلاحی سمینار کی رپورٹ (مرتبہ ظفر الاسلام اصلاحی)، دعوت، ۱۶؍مارچ ۱۹۹۹ء، ص ۵

☆ مولانا امین احسن اصلاحی سمینار۔ایک معروضہ (مولانا امین احسن اصلاحی سمینار کی رپورٹ پر عمیر منظر کا تاثر بصورت مراسلہ) دعوت، ۱۶؍مارچ ۱۹۹۹ء ص ۵

☆ مراسلات ابوالقاسم، تابش مہدی، عبدالحق فلاحی، ظفر الاسلام اصلاحی، (جواب مراسلہ عمیر منظر اور مولانا امین احسن اصلاحی سمینار ورپورٹ سمینار پر تاثرات)، دعوت، ۲۲؍مارچ ۱۹۹۹ء، ص ۵

☆ ایک یادگار سفر (بسلسلہ مولانا امین احسن اصلاحی سمینار مدرستہ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڑھ) خالد مسعود، تدبر شمارہ، ۶۳؍اپریل ۱۹۹۹ء ص ۳۔۱۲

☆ مکاتیب اصلاحی، امین احسن اصلاحی، تدبر شمارہ ۶۳، اپریل ۱۹۹۹ء، ص ۵۳-۵۶

☆ نالۂ فراق (نظم) ضیاء الرحمٰن اعظمی، تدبر، شمارہ ۶۳؍اپریل ۱۹۹۹ء، ص ۵۲

☆ تصانیف مولانا امین احسن، عبدالخالق فاروقی، تدبر شمارہ ۶۳، اپریل ۱۹۹۹ء ص ۳۴۔۴۲ (قسط اول) شمارہ ۶۴، جون ۱۹۹۹ء ص ۴۵۔۵۴ (قسط دوم)، شمارہ ۶۵ ستمبر ۱۹۹۹ء، ص ۴۸۔۵۶ (آخری قسط)

☆ تدبر قرآن میں کلام عرب سے استشہاد، محمد رضی الاسلام ندوی، فکر ونظر، (اسلام آباد) ۳۷؍۱، جولائی۔ستمبر ۱۹۹۹ء، ص ۳۔۴۲

☆ تدبر، مکاتیب اصلاحی نمبر، ایک مطالعہ عبدالبر اثری فلاحی، حیات نو، ۱۵؍۹ ستمبر ۱۹۹۹ء، ص ۶۔۱۲

☆ مولانا امین احسن اصلاحی مرحوم۔ایک انوکھے مفسر سے چند یادگار ملاقاتیں، زاہد منیر، خدابخش لائبریری جرنل (پٹنہ) شمارہ ۱۱۸، دسمبر ۱۹۹۹ء،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ص ۵۵۔ ۸۷

☆ رپورٹ مولانا امین احسن اصلاحی سیمنار (ادارہ) سالانہ مجلّہ انجمن طلبہ مدرسۃ الاصلاح، شمارہ ۱۲، ۱۹۹۹ء، ص ۱۸۲۔ ۱۸۸

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کی علمی خدمات خالد مسعود، تدبر، شمارہ ۶۷، مارچ ۲۰۰۰ء، ص ۲۴-۴۵

☆ جرنل ۱۱۸ کے بارے میں، ابن ارشاد اعظمی، (استدراک، بر مضمون، زاہد منیر مولانا امین احسن اصلاحی مرحوم، ایک انوکھے مفسر سے چند یاد گار ملاقاتیں محولہ بالا) خدا بخش لائبریری جرنل ۱۱۹، مارچ ۲۰۰۰ء، ص ۲۰۵۔ ۲۰۶

☆ مولانا امین احسن اصلاحی کا نظریہ حدیث، عبدالرؤوف ظفر، الفرقان، جلد ۶۸، جون ۲۰۰۰ء، ص ۲۳-۳۸

☆ صاحب طرز ادیب (مولانا امین احسن اصلاحی) محبوب سبحانی، تدبر، شمارہ ۶۸، جون ۲۰۰۰ء، ص ۴۰-۵۲

## مولانا امین احسن اصلاحی پر رسائل کے خصوصی شمارے:

(۱) اشراق (لاہور)، استاذ امام امین احسن اصلاحی کا سانحہ ارتحال، (مرتب: معز امجد) ۱۰/۱-۲ جنوری۔ فروری ۱۹۹۸ء، صفحات ۱۸۰

فہرست مضامین

شذرات

اس شمارے میں...... معز امجد ۳

بیاد امین احسن اصلاحی

صبح نشور جاوید احمد غامدی ۶

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




| | | |
|---|---|---|
| روایتوں کی حقیقت حکایتوں کا وجود | جاوید احمد غامدی | ۹ |
| مولانا امین احسن-اک شخص بے مثال | مجیب الرحمٰن شامی | ۲۹ |
| امام وقت کی وفات | عبدالقادر حسن | ۳۲ |
| موت العالم، موت العالم | ارشاد احمد حقانی | ۳۵ |
| تاریخ اسلام کا ایک منفرد مفسر قرآن | عطاء الرحمٰن | ۴۱ |
| آفتاب علم و حکمت کی یاد میں | قاضی محمد کفایت اللہ | ۴۹ |
| مولانا اصلاحی کی یاد میں | ڈاکٹر محمد فاروق خاں | ۶۵ |
| مولانا امین احسن اصلاحی | طالب محسن | ۶۰ |
| مردے کہ مقامش ناید بحساب اندر | شہزاد سلیم | ۶۲ |
| نبیوں کا ایک سچا جانشین | محمد بلال | ۶۶ |
| آج تو بزم سخن خاموش ہی اٹھ جائے گی | ساجد حمید | ۷۲ |
| ایک "نفسِ مطمئنہ" | نعیم احمد بلوچ | ۷۶ |
| اسلامی علوم کے ارتقاء میں امام اصلاحی کا حصہ | خورشید احمد ندیم | ۸۰ |
| ایک عظیم مفسر کی رحلت | کوکب شہزاد | ۹۵ |
| اک مرد درویش کی باتیں | محمد صفدر میر | ۹۹ |
| **سرگزشت امین احسن** | | |
| مردِ حر کی رحلت | خالد مسعود | ۱۰۴ |
| مولانا اصلاحی کی کہانی، ان کی اپنی زبانی | شہزاد سلیم | ۱۰۹ |
| مولانا اصلاحی سے ایک انٹرویو | منظور الحسن | ۱۱۳ |
| **بحضور امین احسن** | | |
| باتیں ان کی یاد رہیں گی | شہزاد سلیم | ۱۳۶ |
| افادات اصلاحی | یاسر مجید صدیقی | ۱۳۹ |
| **تصانیف** | | |
| "تدبر قرآن" | امین احسن اصلاحی | ۱۴۶ |


© rasailojaraid.com